**سندھ میں منظّم سازش کے تحت نفرت وعصبیت کی آگ بھڑکائی جارہی ہے، دریائے سندھ کوخون میں نہلانے کی باتیں کی جارہی ہیں۔الطاف حسین**

**صدر، وزیراعظم، آرمی چیف، ڈی جی آئی ایس آئی، گورنرسندھ، وفاقی وصوبائی وزیرداخلہ اوروزیراعلیٰ سندھ**

**نام نہادقوم پرستوں کواردوبولنے والوں کے خلاف اشتعال انگیززبان استعمال کرنے سے روکیں**

**کہیں ایسانہ ہوکہ بات میرے ہاتھ سے بھی نکل جائے اورعوام معاملات اپنے ہاتھوں میں لے لیں**

**میں امن ویکجہتی کادرس دیتے دیتے نہیں تھکوں گا، ایم کیوایم نے ہمیشہ افہام وتفہیم سے کام لیاہے**

**جوعناصرگالی، گولی، دہشت گردی اورغنڈہ گردی کی زبان میں بات کرکے اگریہ سمجھتے ہیں کہ**

**اردوبولنے والوں کوڈرادھمکادیاجائے گاتویہ بات سمجھ لی جائے کہ یہ 21ویں صدی ہے**

**اپنے چاہنے والوں سے کہتاہوں کہ وہ صبروتحمل سے کام لیں اورضبط وبرداشت کادامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔خصوصی وڈیوپیغام**

لندن۔۔28 مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے کہاہے کہ سندھ میں ایک منظّم سازش کے تحت نفرت وعصبیت کی آگ بھڑکائی جارہی ہےاورنام نہادقوم پرست اورسندھ سے تعلق رکھنے والے بعض رہنمااردوبولنے والے سندھیوں جنہیں عرف عام میں مہاجرکہاجاتاہے، ان کے خلاف اشتعال انگیزاوربیہودہ زبان استعمال کررہے ہیں اوردریائے سندھ کوخون میں نہلانے کی باتیں کی جارہی ہیں۔انہوں نے صدرآصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضاگیلانی، چیف آف آرمی اسٹاف جنرل اشفاق پرویزکیانی، ڈی جی آئی ایس آئی لیفٹننٹ جنرل ظہیرالاسلام، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سیدقائم علی شاہ اورصوبائی وزیرداخلہ منظوروسان سے کہاکہ خداراان عناصرکوایک طبقہءآبادی کے خلاف اشتعال انگیززبان استعمال کرنے سے روکیں، کہیں ایسانہ ہوکہ بات میرے ہاتھ سے بھی نکل جائے اورعوام معاملات اپنے ہاتھوں میں لے لیں۔اپنے ایک خصوصی وڈیوپیغام میں جناب الطاف حسین نے صدر، وزیراعظم اورآرمی چیف سمیت تمام اعلیٰ حکومتی شخصیات اورسچے محبّ وطن پاکستانیوں کومخاطب کرتے ہوئے کہاکہ سندھ میں نفرت وعصبیت کی جوآگ بھڑکائی جارہی ہےاس پرایم کیوایم نے ہمیشہ افہام وتفہیم سے کام لیاہے،ایم کیوایم نے لاکھوں کے جلسہ عام میں باربارایس بات کو دہرایاہے کہ ایم کیوایم سندھ کی تقسیم نہیں چاہتی لیکن نام نہادقوم پرست اورسیاسی جماعتوں کےسندھ سے تعلق رکھنے والے بعض رہنماایسی باتیں کہتے ہوئے نظرآتے ہیں کہ سندھ کی تقسیم کی بات کی گئی تودریائے سندھ کوخون میں نہلادیاجائے گا، فلاں فلاں جگہ کشت وخون ہوجائے گا۔انہوں نے کہاکہ جوعناصرگالی، گولی، دہشت گردی اورغنڈہ گردی کی زبان میں بات کرکے اگریہ سمجھتے ہیں کہ اردوبولنے والے سندھیوں جنہیں عرف عام میں مہاجرکہاجاتاہے،انہیں دبادیاجائے گا، ڈرادھمکادیاجائے گاتویہ بات سمجھ لی جائے کہ یہ 21ویں صدی کازمانہ ہے۔ہم اس بات پریقین رکھتے ہیں کہ،

ہاتھ ملاؤگے......ہاتھ ملائیں گے

دل ملاؤگے......دل ملائیں گے

پیارکروگے......پیارکریں گے

کرم کروگے......کرم کریں گے

ستم کروگے......ستم کریں گے

ہم آدمی ہیں تمہارے جیسے

جوتم کروگے وہ ہم کریں گے

جناب الطاف حسین نے کہاکہ امن ویکجہتی کادرس دیتے دیتے میں تونہیں تھکوں گالیکن اگراردوبولنے والی سندھی آبادی امن وبھائی چارے اوریکجہتی کادرس سنتے سنتے تھک گئی توالطاف حسین کی امن ویکجہتی کی اپیلیں بھی کام نہیں آئیں گی۔انہوں نے کہاکہ میں ایک مرتبہ پھراپنے چاہنے والوں سے کہتاہوں کہ وہ صبروتحمل سے کام لیں،اپنے جذبات قابومیں رکھیں اورضبط وبرداشت کادامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔انہوں نے کہاکہ میں دھمکیاں دینے والے نام نہادقوم پرستوں سے کہتاہوں کہ ہم بھی دیکھیں گے کہ ......زورکتنابازوئے قاتل میں ہے۔

## جئے سندھ قومی محاذ ڈسٹرکٹ ایسٹ کے جنرل سیکرٹری خالد چنا اور گلشن اقبال ٹاؤن کے دیگر عہد یداران نے اپنے سینکڑوں ساتھیوں کے ہمراہ ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کردیا

## پاکستان معاشی بدحالی کا شکار ہے اوراس بدحالی کا سب سے بڑا سبب ملک پر رائج کرپٹ فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے، یوسف شاہوانی

## ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جو ملک میں غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے، خالد چنا

## شمولیت کا اعلان خورشید بیگم سیکرٹریٹ عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی سے ملاقات کے دوران کیا

کراچی:۔۔۔28مارچ،2012ء

جئے سندھ قومی محاذ ڈسٹرکٹ ایسٹ کے جنرل سیکرٹری خالد چنا، گلشن اقبال ٹاؤن کے جنرل سیکرٹری سجن علی کھوکھر ،صدر عبداللہ شاہ غازی گوٹھ گلشن اقبال،حق نواز کھمیٹیو ، یوسی 10 گلشن اقبال کے عہد یداران مجیب کھمیٹیو ، چیرمین گوٹھ بچاؤ ایکشن کمیٹی گلشن ٹاؤن سخاوت حسین کھمیٹیو نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ اورفکر وفلسفے سے متاثر ہوکر اپنے سینکڑوں ساتھیوں کے ہمراہ ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے ۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز خورشید بیگم سیکرٹریٹ عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی سے ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر نثار پنہور، ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم واراکین کمیٹی ،متحدہ سوشل فورم کے انچارج لوگ خان چنہ واراکین کمیٹی بھی موجود تھے ۔شمولیت اختیار کرنے والے افراد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جو ملک میں غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اوروہ دن دورنہیں جب قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں عوامی انقلاب اس ملک کا مقدر بنے گا یہی وجہ ہے کہ آج ہم اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ ایم کیوایم میں شامل ہوئے تاکہ غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کیلئے کی جانیوالی جدوجہد میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاسکیں ۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے شمولیت اختیار کرنے والے افراد کے جذبات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ ،وڈیرانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے تاکہ ملک بھر میں بسنے والے مظلوم ومحکوم عوام کو ان کے جائز حقوق حاصل ہوسکیں ۔انہوں نے کہا کہ پاکستان معاشی بدحالی کا شکار ہے اوراس بد حالی کا سبب ملک پر رائج کرپٹ فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین اس فرسودہ نظام کے خاتمے کی جدوجہد کررہے ہیں ، اور یہی وجہ ہے کہ جناب الطاف حسین نے ملک میں بسنے والے غریب ومتوسط طبقہ کے باصلاحیت افراد کو اقتدار کے ایوانوں میں بھیجا ہے جنہوں نے متوسط طبقہ کے حقوق کیلئے اقتدار کے ایوانوں میں آواز بلند کی ۔ بعدازاں انہوں نے شمولیت اختیار کرنے والے افراد کو ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے پر ان کا خیرمقدم کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے انہیں مبارکباد پیش کی ۔

## ایم کیوایم امریکہ ہیوسٹن یونٹ کے زیراہتمام ’’سائبر انقلاب‘‘ کے عنوان سے چوتھے سیمینار کا انعقاد

ہیوسٹن:۔۔۔28،مارچ،2012ء

ایم کیوایم امریکہ کے زیراہتمام ’’سائبر انقلاب‘‘ کے عنوان سے گزشتہ روز چوتھے سیمینار کا انعقاد ہیوسٹن میں ہوا جس میں ہیوسٹن کے ذمہ داران ، کارکنان، ہمدردوں ، طلبہ و طالبات، سیاسی وسماجی شخصیات ،عوام کے علاوہ ایم کیوایم امریکہ کی سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے ممبر محمد ظہیر ،ممبر سینٹرل ہیلپنگ کمیٹی جمشید وارثی اور ممبر سینٹرل ایڈوائزری کمیٹی (ر) میجر نجمی نے شرکت کی ۔اس موقع پر کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سیل کے ممبران ذیشان مرزا اور ناصر یونس نے سوشل میڈیا پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی وہ واحد سیاسی جماعت ہے جس نے اپنے قیام کے پہلے ہی دن سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پیغام کو عام کرنے اور ان کی فلاسفی اور آئیڈیالوجی کو پھیلانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کو استعمال کررہی ہے ۔انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر چلنے والے تمام قابل ذکر ویب سائٹس نے جو انقلاب برپا کیا ہے اس نے دنیا کو ایک گلوبل ولیج کی شکل دے دی ہے ۔انہوں نے کہا کہ اگر آپ پاکستان کو ایک خوشحال اور جمہوری وترقی پسند ملک بنانا چاہتے ہیں تو ایم کیوایم کی اس جدوجہد میں بھرپور ساتھ دینا ہوگا ۔سیمینار سے ہیوسٹن یونٹ کمیٹی کے رکن جمشید وارثی نے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہی وہ وقت ہے کہ عوام سائبر انقلاب پر اپنی موجودگی کو بڑے اچھے اور تعمیری مقصد کیلئے استعمال کرسکتے ہیں ۔ بعدازاں ایم کیوایم امریکہ یونٹ کے ذمہ داران نے سیمینار کے اختتام پر شرکاء کو اعزازی شیلڈز اور اسناد بھی تقسیم کی گئیں ۔

## ڈاکٹر فاروق ستار نے منصور مختار شہید اور مسعود مختار شہید کی رہائشگاہ جا کر سوگواران سے تعزیت کی

کراچی۔۔۔28، مارچ 2012ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینراورحق پرست وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار نے گینگ وار کے احمد علی مگسی و دیگر دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کمیٹی کے رکن منصور مختار شہید اوران کے بھائی مسعود مختار شہید کے سوگوارلواحقین سے ان کی رہائشگاہ جا کر دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے شہداء کے سوگوارلواحقین کودلاسہ دیتے ہوئے گینگ وار کے دہشت گردوں کی جانب سے گھر پرحملہ کرکے منصور مختاراور مسعود مختار کوشہید کرنے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اوراسے کھلی دہشت گردی قرار دیا۔انہوں نے منصور مختار شہید اور مسعود مختار شہید کے تمام سوگوارلواحقین سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے بھی دلی ہمدردی اورتعزیت کا اظہار کیا اورانہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اوردہشت گردوں کی فائرنگ سے شدید زخمی بھابھی عظمی مقصود کوجلد ومکمل صحت یابی عطا کرے۔

## اے این پی کے عہدیداران کے قتل میں ملوث عناصر کوفی الفور گرفتار کیا جائے، ایم کیوایم رابطہ کمیٹی
## زین العابدین اورساجد حسن زئی کا قتل کراچی کے حالات خراب کرنے کی گھناؤنی سازش ہے
## مقتولین کے سوگوارلواحقین،عوامی نیشنل پارٹی کی قیادت اورتمام کارکنان سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار

کراچی۔۔۔28/مارچ 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں عوامی نیشنل پارٹی کے عہدیداران زین العابدین اورساجد حسن زئی کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے کراچی کے حالات خراب کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے اورمطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں دہرے قتل کی واردات میں ملوث دہشت گردوں کوگرفتار کرکے قرارواقعی سزادی جائے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے مقتولین کے سوگوارلواحقین،عوامی نیشنل پارٹی کی قیادت اورتمام کارکنان سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کراچی کے حالات خراب کیے جارہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتولین کو جنت افردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر کا حوصلہ دے۔انہوں نے وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان، وزیرداخلہ سندھ منظور وساں سے مطالبہ کیا ہے کہ اے این پی کے عہدیداران کے قتل میں ملوث عناصر کوفی الفور گرفتار کرے قانون کے مطابق سخت سے سخت سزادی جائے اورشہریوں کوجان ومال کا تحفظ فراہم کیا جائے۔

## نجی ٹی وی چینل کے رپورٹر سرفراز قائم خانی پرتشدد کا واقعہ آزادی صحافت پرقدغن لگانے کے مترادف ہے، واسع جلیل
## واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کوگرفتار کرکے انہیں عبرتناک سزادی جائے

کراچی:۔۔۔28مارچ،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اورشعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے نامعلوم دہشت گردوں کی جانب سے پٹیل پاڑہ کے علاقے میں نجی ٹی وی چینل کے رپورٹر سرفراز قائم خانی کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے اورحکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کوفی الفور گرفتار کیا جائے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کی جانب سے نجی ٹی وی چینل کے رپورٹر سرفراز قائم خانی پرتشدد کا واقعہ آزادی صحافت پرقدغن لگانے کے مترادف ہے جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے نجی ٹی وی کے رپورٹر سرفراز قائم خانی سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے بھی کی۔انہوں نے وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اورصوبائی وزیرداخلہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ نجی ٹی وی چینل کے رپورٹر سرفراز قائم خانی پرتشدد کا نوٹس لیں اوراس میں ملوث دہشت گردوں کوگرفتار کرکے انہیں عبرتناک سزادی جائے۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔28، مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ108 ایلڈرز ونگ کے کارکن محمد مسلم، برنس روڈ سیکٹر کے جوائنٹ سیکٹر انچارج عبدالوہاب صدیقی، فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ153 کی ہمدرد معراج فاطمہ اور ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ106 کے کارکن سلمان خان کے والد عطاالرحمٰن خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کمیٹی کے رکن کے گھر پر حملے اور فائرنگ کرکے سیکٹر کمیٹی کے رکن منصور مختار اوران کے بھائی، مسعود مختار کو شہید اور بھابھی عظمیٰ مسعود کو زخمی کرنے میں ملوث گینگ وار کے مسلح دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے، ارکان قومی اسمبلی

## گینگ وار کے مسلح دہشت گردوں کے اس حملے سے ثابت ہوگیا ہے کہ وہ اپنے آپ کو آئین وقانون سے ماورا تصور کررہے ہیں

## گینگ وار کے دہشت گردوں کی کھلی دہشت گردی اور بربریت پر اظہار مذمت

کراچی:۔۔۔28، مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کمیٹی کے رکن کے گھر پر حملے اور سیکٹر کمیٹی کے رکن منصور مختار، ان کے بھائی مسعود د مختار کو فائرنگ کرکے شہید اور بھابھی عظمیٰ مسعود کو زخمی کرنے میں ملوث گینگ وار کے احمد علی مگسی ودیگر دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں عبرتناک سزادی جائے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گینگ وار کے مسلح دہشت گردوں کے اس حملے سے ثابت ہوگیا ہے کہ وہ اپنے آپ کو آئین وقانون سے ماورا تصور کررہے ہیں اور گینگ وار کے دہشت گردوں کی قتل وغارتگری، بھتہ خوری اور بڑھتی ہوئی کارروائیوں کے سبب شہر میں کسی بھی شعبے سے وابستہ افراد کی جان و مال محفوظ نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سیکٹر کمیٹی کے رکن منصور مختار شہید کے گھر پر گینگ وار کے دہشت گردوں کا حملہ کھلی دہشت گردی اور بربریت ہے قتل وغارتگری اور دہشت گردی اسی کی وارداتیں کرکے ایم کیوایم کے کارکنان کے حوصلوں کو ہرگز پست نہیں کیا جاسکتا، ایم کیوایم شہر کے امن اور ملک کے استحکام کیلئے قربانیاں دیتی آئی ہے اور کسی بھی شرپسند اور غنڈہ عناصر کو شہر کا امن اور ملک کا استحکام داؤ پر لگانے کی ہرگز یز اجازت نہیں دے گی اور ایسے عناصر کے خلاف ہر سطح پر اپنا احتجاج ریکارڈ کراتی رہے گی۔انہوں نے کہا کہ گینگ وار کی بڑھتی ہوئی کارروائیوں کے خلاف ایم کیوایم تاجر برادری، صنعتکاروں اور کاروباری حضرات کے ساتھ کھڑی ہے جس کی پاداش میں ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کمیٹی کے رکن منصور مختار اوران کے بھائی مسعود مختار کو ان کے گھر پر کھلے عام حملہ کرکے شہید اور بھابھی کو فائرنگ کرکے زخمی کردیا گیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔انہوں نے منصور مختار شہید، مسعود مختار شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور فائرنگ سے زخمی ہونے والی ان کی بھابھی عظمیٰ مسعود کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور وزیر اعلیٰ سندھ منظور وسان سے مطالبہ کیا کہ گینگ وار کے دہشت گرد احمد علی مگسی ودیگر دہشت گردوں کی جانب سے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کمیٹی کے رکن کے گھر پر حملے اور سیکٹر کمیٹی کے رکن منصور مختار، ان کے بھائی مسعود مختار کو فائرنگ کرکے شہید اور بھابھی عظمیٰ مسعود کو زخمی کرنے کے واقعہ کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، گینگ وار کے دہشت گردوں کو لگام دی جائے اور انہیں جلد از جلد گرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے۔

## مزراعین کو زمین سے بے دخل کرنا غریب عوام کے خلاف گھناؤنی سازش ہے
## ایم کیوایم ہر مظلوم کے حقوق کے حصول کی جدوجہد میں اسکے شانہ بشانہ ساتھ رہے گی
## متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا اور ایم کیوایم ملتان زونل انچارج وار اکین کی انجمن مزارعین پنجاب سے اظہار یکجہتی، یوم سیاہ ریلی میں شرکت اور میڈیا سے گفتگو

ملتان:۔۔۔28مارچ،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے انجمن مزارعین پنجاب سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے آج یوم سیاہ ریلی میں شرکت کی، اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکمران عوام کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے بجائے انہیں مزید بے روزگاری میں مبتلا کرنے پر تلے ہوئے ہیں، بنجر زمین کو آباد کر کے سرسبز و شاداب بنانے والے مزراعین کو زمین سے بے دخل کرنا غریب عوام کے خلاف گھناؤنی سازش ہے جسکی ایم کیوایم بھرپور مذمت کرتی ہے۔ افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ ایم کیوایم انجمن مزارعین کو بھرپور سپورٹ فراہم کریگی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم 98 فیصد متوسط طبقے کی جماعت ہے، صرف 2 فیصد مراعات یافتہ طبقہ نے 98 فیصد محروم عوام کو ظلم کی چکی میں پیس دیا ہے، جسکی وجہ سے غریب، غریب سے غریب تر اور امیر، امیر سے امیر تر ہو رہا ہے، انہوں نے کہا کہ غریب اور متوسط طبقے کے حقوق کی بات کرنے پر جاگیردار اور وڈیرے ایم کیوایم کے خلاف سازشیں کرنے میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ہر مظلوم کے ساتھ انکے حقوق کی جدوجہد میں ہمیشہ شانہ بشانہ رہے گی چاہے اسکے لئے کسی بھی قسم کی قربانی کیوں نہ دینا پڑے۔ افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ انجمن مزارعین گزشتہ کئی برسوں سے حقوق کی جدوجہد کر رہے ہیں، لیکن افسوس ووٹ حاصل کر کے اقتدار کے ایوانوں میں جانے والے حکمران ان مظلوموں کیلیئے کچھ نہیں کرتے انہوں نے کہا کہ انشا اللہ ایم کیوایم انجمن مزارعین کو انکے حقوق دلا کر رہے گی، اب کوئی بھی ان غریب مزارعین کے حقوق غصب نہیں کر سکے گا۔ انجمن مزارعین کے قائدین میر غلام عباس سیال، میر وزیر احمد، رفیق خٹک و دیگر کے علاوہ متحدہ قومی موومنٹ ملتان زونل انچارج رائے خالد محمود، جوائنٹ انچارجز ڈاکٹر اکرم، عمران اعظم گاڈی، سیکریٹری اطلاعات علی عمران سہروردی نے بھی یوم سیاہ ریلی میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆